# از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارسدہ

## شرائط نیلامی:۔

1۔ یہ کہ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص مقررشدہ زربیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ بحق تحصیل میونسپل آفیسر چارسدہ کی تفصیل نیلامی کی آخری مقررہ تاریخ سے 2 دن قبل لوکل گورنمنٹ پشاور کی ویب سائٹ پر درج کریگا اور ہر ٹھیکہ کیلئے علیحدہ علیحدہ کال ڈیپازٹ بنائے گا اور ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ اور اس کی بولی منسوخ تصور ہوگی۔ نیز اسکے خلاف فوجداری قانون کے تحت کاروائی کی جائیگی۔ علاوہ ازیں جملہ تفصیلات بابت زربیعانہ ہمراہ رجسٹریشن اور قومی شناختی کارڈ کے مصدقہ نقولات دفتر اپنی تحصیل آفیسر ریگولیشن، چارسدہ میں دفتری اوقات کار میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ تاہم ناکام بولی دہندگان کو زربیعانہ 7 یوم کے اندر اندر واپس کی جائیگ

2 ۔ یہ کہ ٹھیکہ کا عرصہ / معیاد ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 تک کیلئے ہوگی جو کہ نا قابل توسیع (Non-Extendable) ہوگا۔

3۔ یہ کہ بعد از اختتام بولی کامیاب بولی دہندہ کل رقم ٹھیکہ کا 15% (پندرہ فیصد) زرپیشگی اور (پانچ فیصد) زرضمانت اندر دو (2) یوم دفتری اوقات کار داخل خزانہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارسدہ کرانے کا پابند ہوگا۔ جس میں 15% (پندرہ فیصد) زرپیشگی کی بحرائی ٹھیکہ کی آخری قسط میں کی جائیگی مزید 5% (پانچ فیصد) زرضمانت کی واپسی ٹھیکہ کے حساب کتاب کی بے باکی کے بعد کی جائیگی۔ ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائے گی اور جمع شدہ زرضمانت 5% فیصد بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارسدہ ضبط کی جائے گی۔ مزید برآں صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) کو رجسٹریشن کی منسوخی اور بلیک لسٹ کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی۔

4۔ یہ کہ کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایا دار ٹھیکیدار / فرم نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔ اور اگر بعد از E-Auction کامیاب بولی دہندہ مقروض ثابت ہوا تو اُس کی بولی منسوخ اور زربیعانہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارسدہ ضبط ہوگا۔

5۔ یہ کہ ٹھیکہ کی رقم کی علاوہ کامیاب بولی دہندہ حکومت کی طرف سے لاگوشدہ جملہ ٹیکسز جن میں کیپرا FBR بشمول انکم ٹیکس شق نمبر 236-A فنانس ایکٹ کے تحت کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم کے علاوہ 20% فیصد (Non-Filer) اور 10% فیصد (Filer) علیحدہ سے جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ اور اگر دوران ٹھیکہ صوبائی یا مرکزی حکومت کی طرف سے مزید کسی قسم کا ٹیکس نافذ کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

6۔ مقررہ مدت کے اندر اندر پیشگی رقم جمع نہ کرنے یا معاہدہ تحریر نہ کرنے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی خود بخود منسوخ تصور ہوگی۔ اور زرضمانت بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارسدہ ضبط ہوگی۔ جبکہ ٹھیکہ مذکورہ دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے بولی دہندہ کو کامیاب / سب سے زیادہ بولی دہندہ کی پیش کردہ بولی کی پیشکش کی جائیگی۔ Failure to deposite the advance amount or execute the agreement within the stipulated time shall result in automatic cancellation of the bi d and forteiture of earnest money in favor of the concerned Local council. The contract may then be offered to the second highest bidder at the rate of bid offered by the highest/successful bide r.

7۔ یہ کہ بولی دہندہ کی پیشکش سرکاری مقررشدہ بولی سے زیادہ ہو تو کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی حتمی منظوری تک یکم از جولائی 2026 سے بولی کی رقم کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر عارضی چارج / قبضہ حوالہ کیا جائے گا جو کہ بعد از حتمی منظوری ٹھیکہ کی کل زرنیلام سے منہاء کی جائیگی۔ البتہ اسی حوالے سے جمع رقومات کا ادخال بذمہ کامیاب بولی دہندہ ہوگا۔

8۔ یہ کہ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگوشدہ شرائط وضوابط (Terms & Condition) جاری کردہ بحوالہ انگریزی چھٹی نمبر AO-II/LCB/6-11/2022 تاریخ 7 مئی 2025 کا پابند ہوگا۔

9۔ یہ کہ اینٹی سائپنگ (Anti-Sniping) فیچر کو تمام نیلامیوں میں بغیر کسی استثناء کے مکمل طور پر نافذ کیا گیا ہے۔ جسکے تحت نیلامی کے آخری منٹ یعنی 3:59 PM کے دوران کوئی بولی دہندہ پیشکش / بولی کی میعاد میں تین منٹ کا ٹائم دیا جائیگا۔ اور اگر اس دوران دوبارہ بولی دہندہ اپنی بولی دیگا تو مزید 3 منٹ دیے جائینگے۔ اور یہ سلسلہ تین بار یعنی 04:09 تک جاری رہیگا۔

10۔ یہ کہ مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کسی ایک یا تمام بولی / مسترد کرے۔

**تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارسدہ**